14228 ـ حج ویزہ فروخت کرنا

سوال

حج کے ویزے فروخت کرنے کا حکم کیا ہے، جو کہ بہت مشکلات سے نکلوائے جاتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جو انسان حج نہ کرنا چاہتا ہو اس کے لیے حج کا ویزہ نکلوانا جائز نہیں، اور اگر وہ حج کا ارادہ رکھتے ہوئے حج کا ویزہ لگوائے لیکن بعد میں وہ حج پر نہ جانا چاہتا ہو تو اس کے لیے حج کا ویزہ خرچ ہونے والی رقم سے زیادہ رقم میں فروخت کرنے کا حق نہیں ہے.

اس کا معنی یہ ہوا کہ کمزور اور حج کی حرص رکھنے والے مسلمانوں کو ان کی ضرورت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے حج کے ویزوں کو تجارت نہ بنا لیا جائے، بلکہ چاہیے تو یہ کہ مسلمان خیر وبھلائی میں معاون و مددگار ثابت ہو، اور اپنے دوسرے مسلمان بھائیوں کی مدد کرے نہ کہ انہیں دھوکہ دے اور ورغلائے .